حضرت مولانا محمد عبداللہ (بھکر والے) رحمہ اللہ:

۱۱ردسمبر ۲۰۱۵ء بروز جمعرات سوا دس بجے حضرت مولانا محمد عبداللہ صاحب بھکر والے انتقال فرما گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ آپ جید عالم دین، دینی وسیاسی رہنما اور جامعہ قادریہ بھکر کے مہتمم تھے۔ تحریک تحفظ ختم نبوت ۱۹۵۳ء، تحریک تحفظ ختم نبوت ۱۹۷۴ء، تحریک تحفظ ختم نبوت ۱۹۸۴ء میں بھرپور حصہ لیا۔ مجلس احرار اسلام، مجلس تحفظ ختم نبوت اور جمعیت علماء اسلام سے تعلق رہا، حضرت مولانا شاہ عبدالقادر رائے پوری رحمہ اللہ سے بیعت تھے، آپ کے انتقال کے بعد حضرت مولانا عبدالعزیز صاحب (سرگودھا والے) رحمہ اللہ سے بیعت ہوئے، ان کے انتقال کے بعد حضرت مولانا خواجہ خان محمد صاحب رحمہ اللہ سے تعلق قائم کیا۔ کمر کے مہروں کے آپریشن کے لیے بہاول پور لے جایا گیا تھا، دوران آپریشن ہی خالق حقیقی سے جا ملے۔ اللہ تعالیٰ آپ کی قبر پر رحمتیں نازل فرمائے۔ (آمین)

استاذ القراء حضرت قاری محمد یاسین صاحب رحمہ اللہ:

جامعہ دارالعلوم کراچی کے استاذ حضرت قاری محمد یاسین صاحب ۲۴ردسمبر بدھ اور جمعرات کی درمیانی شب (۱۲ربیع الاول) کو طویل علالت کے بعد انتقال کر گئے۔ حضرت قاری محمد یاسین صاحب حفظ وتجوید کے جید استاذ تھے۔ ۱۹۳۵ء کو پانی پت میں پیدا ہوئے۔ آپ استاذ الاساتذہ حضرت قاری فتح محمد صاحب رحمہ اللہ اور حضرت مولانا قاری رحیم بخش پانی پتی رحمہ اللہ کے مایہ ناز شاگرد تھے۔ ۱۹۵۵ء میں دارالعلوم کراچی سے وابستہ ہوئے اور تادم آخر یہیں تدریسی خدمات انجام دیتے رہے۔ آپ کے شاگردوں کی تعداد ہزاروں میں ہے اور ان میں بہت سے نامور حضرات بھی شامل ہیں۔ آپ کی نماز جنازہ 'دارالعلوم کراچی' میں حضرت مولانا مفتی محمد رفیع عثمانی صاحب مدظلہم نے پڑھائی اور دارالعلوم کے ہی احاطہ میں آپ کی تدفین عمل میں آئی۔

والدہ ماجدہ مولانا عبدالمجید صاحب، ناظم دفتر وفاق المدارس العربیہ ملتان:

۲۶ردسمبر بروز ہفتہ مولانا عبدالمجید صاحب (ناظم مرکزی دفتر وفاق المدارس العربیہ) کی والدہ ماجدہ کا پشاور کے علاقہ تنگی میں انتقال ہوگیا۔ آپ نہایت نیک اور پابند شریعت خاتون تھیں، علاقہ کے علماء کرام اور عامۃ الناس کی کثیر تعداد نے نماز جنازہ میں شرکت کی۔

ادارہ وفاق المدارس العربیہ خصوصاً حضرت الشیخ مولانا سلیم اللہ خاں صاحب دامت برکاتہم، حضرت مولانا قاری محمد حنیف جالندھری دامت برکاتہم نے مرحومین کے لواحقین سے تعزیت مسنونہ کی ہے، نیز ادارہ ماہنامہ ''وفاق المدارس'' اپنے تمام قارئین سے درخواست کرتا ہے کہ وہ اس فانی دُنیا سے رخصت ہو جانے والے تمام علماء کرام کی مغفرت اور بلندئ درجات کے لیے خصوصی دعاؤں اور ایصال ثواب کا اہتمام فرمائیں۔